عبدالرحمٰن مزمل پر میچ فیس کا 25فیصد جرمانہ عائد

لاہور، 21نومبر 2019ء:

قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کےمیچ میں امپائر کے فیصلے پر اعتراض کرنے پر سدرن پنجاب کے کرکٹر عبدالرحمٰن مزمل پر میچ فیس کا 25فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا ہے۔ عبدالرحمٰن مزمل کوکے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں ناردرن کے خلاف آٹھویں راؤنڈ کے میچ میں کھلاڑی، اسپورٹ اسٹاف، امپائر یامیچ ریفری کے فیصلے پر اعتراض کرنے سے متعلق لیول 1 جرم کا مرتکب پایا گیا ہے۔

میچ کے دوران سدرن پنجاب کی پہلی اننگز میں بلے باز عبدالرحمٰن مزمل امپائر کی جانب سے کیچ آؤٹ دئیے جانے کے باوجود کافی دیر کریز پر موجود رہے۔

آن فیلڈ امپائرز آصف یعقوب اور راشد ریاض نے عبدالرحمٰن مزمل کو پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.8 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

سدرن پنجاب کے کرکٹر عبدالرحمٰن مزمل کی جانب سے اعتراف جرم کرنے پر میچ ریفری سہیل ادریس نے عبدالرحمٰن مزمل پر میچ فیس کا 25 فیصد جرمانہ عائد کردیا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk